اداکارات :-

ہنی پال - بی راج لکشمی - نلنی چونکر

سینما بکڈپو کھاری باؤلی دہلی

پلیس مین کے گانے

گانا نمبر ۱

ہنستا ہوا چہرہ نورانی چہرہ کالی زلفیں رنگ سنہرا
تیری جوانی توبہ توبہ دلربا دلربا۔ ہنستا ہوا نورانی چہرہ...
پہلے تیری آنکھوں نے لوٹ لیا دور سے
پھر یہ ستم بن بن کے دیکھیں غرور سے
او دیوانے تو کیا جانے دل کی بیقراریاں ہیں کیا ہنستا ہوا...
کالی زلفیں رنگ سنہرا
جی بھر کے تڑپایا جی بھر کے پیار کر
سب کچھ گوارا ہے جی بھر کے پیار کر
تو ہے دل میں دل ہے مشکل میں
اب نہ دل کی مشکلیں چھپا۔ ہنستا ہوا چہرہ...

گانا نمبر ۲

وہ جب یاد آئے بہت یاد آئے
غم زندگی کے اندھیرے میں ہم نے
چراغ محبت جلائے بجھائے
وہ جب یاد آئے تو بہت یاد آئے
آہٹیں جاگ اٹھیں راستے مسکرائے

عشاق کر دل لٹے ہم کسی کے لئے
کئی بار ایسا بھی دھوکہ ہوا ہے
چلے آرہے ہے وہ زلفیں اُچھالتے وہ جب یاد آئے ...
لڑکی :۔ وہ جب یاد آئے بہت یاد آئے
غم زندگی کے اندھیرے میں ہم نے
چراغ محبت جلائے بجھائے وہ جب یاد ...
دل سلگنے لگا اشک بہنے لگے
جانے کیا کیا لوگ ہمیں کہنے لگے
مگر روتے روتے ہنسی آگئی ہے
خیالوں میں آکے وہ جب مسکرائے وہ جب یاد آئے ...
دونوں ۔ وہ جب یاد آئے بہت یاد آئے

گانا نمبر ۳

لڑکی ۔ اوئی ماں ۔ اوئی ماں یہ کیا ہو گیا ان کی گلی میں
دل کھو گیا ہنڈیا ہو تو ڈھونڈ بھی لوں میں
دل نہ ڈھونڈھا جائے
کورس ۔ ہائے دل نہ ڈھونڈھا جائے
لڑکی ۔ ایک دن کی بات ہے ندیا کنارے
اُن سے ہوئے تھے چھپ چھپ اشارے
قسم تھی جو کسی سے میں پیار نہ کروں گی

میں پیار کا کبھی اقرار نہ کروں گی
اب وہ باتیں آئیں یاد، ڈر ہے ہو نہ جاؤں برباد
شیشہ ہو تو توڑ بھی ڈالوں، دل نہ توڑا جائے

کورس ۔ اوئی ماں !

لڑکی ۔ آؤں میں لوں کیسے تیرے پیچھے پیچھے
نہ ٹھیس لگ جائے گھونگھٹ گر جائے
گھونگھٹ جو سنبھالوں تو لٹ کھل جائے
مشکل میں ہے میری جان تو کیا سمجھے او ناداں
دنیا ہو تو چھوڑ بھی دوں میں، پیار نہ چھوڑا جائے

کورس ۔ اوئی ماں ...

نمبر۴ ۔ لڑکی ۔ چوری چوری جو تم سے ملی تو لوگ کیا کہیں گے
لڑکا ۔ اجی اسے پیار کہیں گے ۔
گلی گلی یہ بات چلی تو لوگ کیا کہیں گے ؟
لڑکی ۔ اجی اسے پیار کہیں گے

لڑکا ۔ تیرا خیال میرے دل میں جب سے آیا ہے
قدم سنبھلتے نہیں اور نشہ سا چھایا ہے
لڑکی ۔ قرار کھو کے ہی دل نے قرار پایا ہے
لڑکا ۔ دھیرے دھیرے یہ بات بڑھی تو لوگ کیا کہیں گے
لڑکی ۔ اجی اسے پیار کہیں گے ۔

کتنی ظالم یہ ملاقات ہوئی جس سے ڈرتے تھے وہی بات ہوئی
بڑھ گئی پیاس تمناؤں کی اس طرح پہ پیار کی برسات ہوئی

لڑکا ۔ قسم تمھاری میرے دل کی بات کہہ ڈالی
لڑکی ۔ چھوڑو چھوڑو یہ دل لگی کہ لوگ کیا کہیں گے ؟
لڑکا ۔ اجی اسے پیار کہیں گے ۔
لڑکا ۔ لڑکی ۔ اجی اسے پیار کہیں گے ۔

گانا نمبر ۵

روشن تمھیں سے دنیا رونق تمھیں جہاں کی
پھولوں میں پلنے والی رانی ہو گلستاں کی
سلامت رہو سلامت رہو ۔
وہ نازک ہو ناز سے بھی تم پیار سے بھی پیاری
تم حسن سے حسیں ہو کیا بات ہے تمھاری
آنکھوں میں دو جہاں ہے مالک ہو دو جہاں کی
سلامت رہو ۔ سلامت رہو ۔
وہ دل چاہے ٹوٹ جائے میرے دل سے یوں ہی کھیلو ۔
جیتی رہو یوں ہی تم میری عمر لے لو
کس دن دعا نہ مانگی ہم نے تمھاری جاں کی
سلامت رہو ۔ سلامت رہو ....

گانا نمبر ۶

میرے دل میں ہلکی سی وہ خلش ہے جو نہیں تھی
کہیں پیار نہ ہو جائے
جانے کیا سُن لیا ۔ جانے کیا کہہ گئے
وہ ہمیں ہم اُنھیں دیکھتے رہ گئے
ایک بات ہوئی سمجھا نا کوئی میرے دل سے نکلی
ہائے کہیں پیار نہ ہو جائے
دل کی دھڑکن کبھی اتنی پیاری نہ تھی
یوں تو ہر چیز تھی بیقراری نہ تھی
یہ ڈر ہے مجھے انکار میرا اقرار نہ ہو جائے
کہیں پیار نہ ہو جائے ... میرے دل میں ..

ختم شد

جو مانگو گے وہی ملے گا



ہزار روپیہ نقد انعام

آپ کسی طرف سے مایوس نہ ہوں۔ اس تانترک انگوٹھی
کے پہنتے ہی آپ جس عورت مرد کا نام لینگے وہ دیکھتے ہی
فوراً بس میں ہو جائیگا۔ خواہ کتنا ہی پتھر دل کیوں
نہ ہو۔ آپکا اندر بات سنتے تو آپکے قدموں میں حاضر ہو
گا اور روٹھی کو چھوڑ کر آپکا حکم ماننے لگیگا۔ دیرینہ سنگتی
دور ہوگی۔ لاٹری میں فتح۔ مردہ روحوں سے بات چیت کی
... دولت خواب میں نظر آئیگی۔ مقدمہ میں جیت
... کاروبار میں ترقی ہوگی۔ بیوپار میں فائدہ ہوگا۔ قرض گھر سے نجات ہوگی۔ بدنصیبی دور ہوگی۔ خوش قسمت بن
جائینگے۔ زندگی شانتی اور خوشی سے بسر ہوگی۔

تانترک انگوٹھی ایک روپیہ پندرہ آنے۔ سپیشل پاور فل تین روپیہ پندرہ آنے۔ جس کا ۲۴ گھنٹوں
میں فوراً اثر ہوتا ہے۔ یہ تانترک انگوٹھی گرہن اور شبھ مہورت میں تیار کی گئی ہے۔ سورج مشرق کی بجائے مغرب
میں نکل سکتا ہے لیکن اس تانترک انگوٹھی کا اثر کبھی خالی نہیں جاتا۔ نکمّا ثابت نہ ہونے پر دوگنی قیمت واپس
دی جاتی ہے۔ غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپیہ نقد انعام۔ ایک مرتبہ ضرور آزمائش کیجیے۔

تانترک آچاریہ
راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری C.B. P.B. 87 جالندھر شہر

الہ آباد پریس دہلی